BRAMPTON | MY MAIN STREET MA RUE PRINCIPALE | Canadian Urban Institute / Institut Urbain du Canada | Canada

Downtown Brampton BIA | 880 cities

***برائے فوری اجراء***

## ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کو فعال بنانے کے لیے، سٹی آف برامپٹن کو 'مائی مین سٹریٹ کمیونٹی ایکٹیویٹر پروگرام' کے ذریعے تعاون حاصل ہو گیا ہے

برامپٹن، آن (10 جون 2022) – سٹی آف برامپٹن کو اپنے شراکت داروں ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن بزنس امپرووومنٹ ایریا (BIA) اور 80 8 سٹیز (8 80 Cities) کو مائی مین سٹریٹ کمیونٹی ایکٹیویٹر پروگرام ذریعے 223,650$ وصول کرنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے، جس کے ذریعے 'ایکٹیویٹ ڈاؤن برامپٹن' کی اعانت، ڈاون ٹاؤن برامپٹن کی سڑکوں اور عوامی اجتماعات کی جگہوں میں اکتوبر 2022 تک تعاملی تنصیبات اور میوزیکل پرفارمنس کا ایک زبردست سلسلہ شروع کیا جائے گا۔

'ایکٹیویٹ ڈاؤن برامپٹن' کا مقصد سماجی روابط اور اپنے شہریوں کے لیے وابستگی کے مواقع کو بڑھانا اور مقامی معاشی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ اس سیریز میں مفت ہفتہ وار میوزیکل ایکٹیویشنز شامل ہوں گے جن میں ایسے متنوع مقامی فنکار شامل ہوں گے جو برامپٹن کے رہائشیوں اور مہمانوں کے لیے شہر کے بھرپور ثقافتی ورثے کی عکاسی کرتے ہیں۔ یہ سرگرمیاں ہر ہفتہ کے دن دوپہر 12 سے 2 بجے تک، 15 اکتوبر تک، پورے ڈاؤن ٹاؤن میں جاری رہیں گی۔ مقامات یہاں دیکھیں۔

ایکٹیویٹ ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کی ویب سائٹ پر جا کر یا موسم گرما اور موسم خزاں کے دوران ان عوامی جگہوں پر اپوائنٹمنٹ کے بغیر ہی موقع پر جا کر مصروفیات میں شرکت کر کے ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کی عوامی جگہوں کو جاندار اور فعال بنانے کے لیے رہائشی اپنے خیالات کا اشتراک بھی کر سکتے ہیں۔

دی مائی مین سٹریٹ کمیونٹی ایکٹیویٹر حکومت کینیڈا کی طرف سے فیڈرل اکنامک ڈیولپمنٹ ایجنسی فار سدرن اونٹاریو (FedDev Ontario) کے ذریعے دو سالہ، 23.25$ ملین کی سرمایہ کاری ہے جو کینیڈین اربن انسٹی ٹیوٹ (CUI) اور اکنامک ڈویلپرز کونسل آف اونٹاریو (EDCO) کے ذریعے فراہم کی جا رہی ہے۔ 'ایکٹیویٹ ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن' کے ذریعے، یہ سلسلہ ڈاون ٹاؤن کو ایک زیادہ متحرک جگہ بنانے میں مدد فراہم کرے گا، جو سیاحوں کو اپنی طرف کھینچے گا اور دکانوں، ریسٹورینٹس اور نئی پرجوش عوامی جگہوں پر پیدل لوگوں کی آمد و رفت کو بڑھائے گا اور مقامی کاروباروں کو کووڈ-19 سے ان کی بحالی میں مدد فراہم کرے گا۔

**انٹیگریٹڈ ڈاؤن ٹاؤن پلان کے بارے میں**

ڈاون ٹاؤن برامپٹن میں زبردست تبدیلیاں کی جا رہی ہیں، ریجن آف پیل کی جانب سے علاقے میں واٹر مین اور سینیٹری سیوریجز کو تبدیل اور تعمیر کرنے کے بعد سٹی کی جانب سے فٹ پاتھوں کو تبدیل اور چوڑا کرنے، سڑکوں کی مرمت اور بحالی کا کام شروع کر دیا جائے گا۔

یہ دلچسپ سرگرمیاں اضافہ سٹی کے انٹیگریٹڈ ڈاؤن ٹاؤن پلان (IDP) کو آگے بڑھانے کا ایک اہم حصہ ہیں، جو ڈاؤن ٹاؤن کے بہت سے جاری اقدامات اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو باہم مربوط کرنے کے لیے ایک ایسا روڈ میپ مہیا کرتی ہیں جو مستقبل میں ہماری ترقی اور اسٹریٹجک سرمایہ کاری کی رہنمائی کے لیے نہایت اہم ہیں۔

IDP کے رہنماء اصولوں میں شمولیت، اختراع اور دوام شامل ہیں۔ اس سے بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈیشن، اربن ڈیزائن کی تیاری، زمین کے موزوں استعمال اور مداخلتوں کے پروگراموں کو باہم مربوط کرنے میں مدد ملے گی - جو برامپٹن کو ایک اہم معاشی محرک، علاقائی ثقافتی مرکز اور ایک اختراعی ڈسٹرکٹ کے مقام پر کھڑا کر دے گا۔

IDP کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/IDP ملاحظہ کریں
اور ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/downtownbrampton ملاحظہ کریں

**اقتباسات**

"ہماری حکومت کمیونٹیز کو ان کی مرکزی سڑکوں کو دوبارہ پُر رونق بنانے میں مدد کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ مائی مین سٹریٹ پروگرام ان منصوبوں کے لیے اہم مدد فراہم کر رہا ہے جو ہمارے مقامی علاقوں کو تنصیبات، تقریبات اور سرگرمیوں کے ذریعے نئے سرے سے متحرک کر دے گی، جس کی وجہ سے نئی ملازمتیں پیدا ہونے کے علاوہ مقامی معیشتوں کے لیے اقتصادی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے جامع، اختراعی اور اور سب کو ساتھ لے کر چلنے کے مواقع میسر آئیں گے۔"

- *عزت مآب ہیلینا جیکزیک، منسٹر برائے فیڈرل اکنامک ڈیولپمنٹ ایجنسی فار سدرن اونٹیریو (FedDev Ontario)*

"اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر، ہم ڈاون ٹاؤن برامپٹن کی صلاحیت میں اضافے اور اس میں بہتری لانے کے لیے کام کر رہے ہیں اور اپنے شہر کے مرکز میں معیاری شہری مقامات کی تخلیق اور پیدل چلنے والوں کے لیے خوشگوار تبدیلیاں لا رہے ہیں۔ میں رہائشیوں کو اس موسم گرما میں 'ایکٹیویٹ ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن' کی تقریبات میں بھرپور حصہ لینے کی دعوت دیتا ہوں۔ اس حوالے سے بھی ہمارے ساتھ اپنے قیمتی خیالات کا اشتراک کریں کہ ہم اپنی عوامی جگہوں کو کیسے بہتر بنا سکتے ہیں، لائیو موسیقی سے لطف اندوز ہونے کے لیے ہفتے کے روز ہمارے ساتھ شامل ہوں اور اپنے حیرت انگیز مقامی کاروباروں کی حمایت جاری رکھیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن ہمارے ڈاون ٹاؤن کو تبدیل کرنے اور برامپٹن کے رہائشیوں اور مہمانوں کے لطف اندوز ہونے کے لیے شاندار عوامی جگہیں بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہم اس کلیدی سرمایہ کاری کے لیے FedDev Ontario کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اپنے شراکت داروں کے ساتھ اپنا ساتھ تعاون جاری رکھنے کے منتظر ہیں، تاکہ ایک مزید متحرک شہر کی تعمیر کی جا سکے اور ہمارے مقامی کاروباروں کی بھی ضرور مدد کریں کیونکہ وہ کووڈ-19 سے بحالی کی جانب گامزن ہیں۔"

- *مارٹن میڈیروس، ریجنل کونسلر، وارڈز 3 اور 4؛ چیئر، اکنامک ڈیویلپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن میں، ہم اپنے رہائشیوں کے لیے معیار زندگی کو بہتر بنانے اور مقامی سرمایہ کاری اور شراکت داری کے ذریعے مقامی کاروباروں کی حمایت کرنے کے لیے وقف ہیں۔ 'ایکٹیویٹ ڈاؤن برامپٹن' کا مقصد سماجی روابط اور اپنے شہریوں کے لیے وابستگی کے مواقع کو بڑھانا اور ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں مقامی معاشی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔"

- *پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"ہم اس موسم گرما اور موسم خزاں کے دوران اپنے ڈاؤن ٹاؤن کو فعال رکھنے اور کمیونٹی کی جگہوں میں بہتریاں لانے کی کوششوں کے ذریعے اپنے حیرت انگیز مقامی کاروباروں کی حمایت کرنے کے لیے سٹی آف برامپٹن اور 8 80 Cities کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے بہت پرجوش ہیں۔"

- *کیری لہے پرسیوال، چیئر، ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن،* BIA

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 75,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

8 80 Cities ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے جس کا مشن تمام لوگوں کے لیے صحت مندانہ، زیادہ مساوی اور ماحولیاتی طور پر مستحکم شہر بنانے کے عمل کو فروغ دنیا اور جمود کو چیلنج کرنا ہے۔ ہماری رہنمائی ایک سادہ لیکن طاقتور سوال سے ہوتی ہے- کہ ہم نے اپنے شہروں میں جو کچھ کیا ہے، آیا وہ 8 سالہ بچے اور 80 سالہ بوڑھے، دونوں کے لیے کتنا اچھا ہے؟ ہمیں یقین ہے کہ اس سوال کے ساتھ شروع کرنے سے تمام لوگوں کے لیے ایک عظیم شہر بنانے میں ہمیں مدد مل سکتی ہے۔ ہماری ٹیم نے دنیا بھر کے ایسے 350 سے زیادہ شہروں میں کام کیا ہے جو تبدیلی کے عوامی خلائی منصوبوں میں سرفہرست ہیں۔

ڈاون ٹاؤن برامپٹن بزنس امپرووومنٹ ایریا تجارتی علاقے کو ایک متحرک کاروبار اور شاپنگ ڈسٹرکٹ کے طور پر فروغ دیتا ہے۔ خصوصی تقریبات، اشتہارات اور آرائش و زیبائش کے پروگراموں کے ذریعے، ہمارا مقصد عوام کے ذہنوں میں اس علاقے کو خریداری، تفریح، کام کرنے اور رہنے کے لیے ایک پرکشش اور مزید خوشگوار جگہ کے طور پر سامنے لانا ہے۔

کینیڈین اربن انسٹی ٹیوٹ ایک قومی پلیٹ فارم ہے جو کینیڈا کے شہروں کی تعمیر میں اپنا ایک بہترین مقام رکھتا ہے — جہاں پالیسی ساز، پیشہ وارانہ ماہرین، شہری اور کاروباری رہنماء، کمیونٹی کے کارکنان اور ماہرین تعلیم ایک دوسرے کے ساتھ مل کر بھرپور طریقے سے سیکھ سکتے اور باہمی اشتراک اور تعاون بھی کر سکتے ہیں۔ تحقیق، وابستگی اور کہانیاں سنانے کے ذریعے، ہمارا مشن اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ کینیڈا میں متحرک، مساوی، رہنے کے قابل اور لچکدار شہروں کی تعمیر کرنا ہے۔ ہمیں ٹوئٹر، فیس بک، اور لِنکڈ اِنپر فالو کریں۔

12 سال سے زیادہ عرصے سے، حکومت کینیڈا کے ذریعےFedDev اونٹاریو نے فنڈنگ کے مواقع اور کاروباری خدمات کے ذریعے جنوبی اونٹاریو کی معیشت کو فروغ دینے اور متنوع بنانے کے لیے کام کیا ہے، جو کینیڈا کے سب سے زیادہ آبادی والے علاقے میں جدت، ملازمتوں کی تخلیق اور ترقی کی حمایت میں مفید ثابت ہوا ہے۔ اس ایجنسی نے متاثر کن نتائج پیش کیے ہیں، جو جنوبی اونٹاریو کے کاروباروں میں دیکھے جا سکتے ہیں، جو جدید ٹیکنالوجیز بنا رہے ہیں، اپنی پیداواری صلاحیت کو بہتر بنا رہے ہیں، اپنی آمدنی میں اضافہ کر رہے ہیں، ملازمتیں پیدا کر رہے ہیں اور پورے خطے میں کمیونٹیز کی معاشی ترقی کو فروغ دے رہے ہیں۔ ہمارے اہم پروجیکٹس ، ہماری سدرن اونٹاریو سپاٹ لائٹ، اور FedDev اونٹاریو کے ٹویٹر ، فیس بک، انسٹاگرام اور لنکڈ ان کو تلاش کرکے جنوبی اونٹاریو میں ایجنسی کے اثرات کے بارے میں مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹس**


سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca

جیا بینی
پروجیکٹ مینیجر، 8 80 Cities
jbenni@880cities.org
647 800 5590

سوزی گوڈفرائے
ایگزیکٹو ڈائریکٹ، ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن بزنس امپرووومنٹ ایریا
Suzy.Godefroy@brampton.ca

نک ہینسن
کمیونیکیشنز لیڈ
کینیڈین اربن انسٹی ٹیوٹ
media@mymainstreet.ca

مونیکا گریناڈوس
پریس سیکرٹری، دفتر عزت مآب ہیلینا جیکزک
وفاقی اقتصادیات کی ذمہ دار وزیر
جنوبی اونٹاریو کے لیے ترقیاتی ایجنسی
monica.granados@feddevontario.gc.ca